38040-کیا درد شقیقہ کی وجہ سے روزہ افطار کیا جاسکتا ہے ؟

سوال

میری ایک سہیلی ہے جودرد شقیقہ کی وجہ سے رمضان کے روزے نہیں رکھتی توکیا ایسا کرنا جائز ہے ؟ اوروہ ان ایام کی قضاء کیسے کرے گی ؟

پسندیدہ جواب

مریض کے لیے روزے چھوڑنے جائزہیں کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

{اور جوکوئی مریض ہو یا مسافر ہو تووہ دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرے }البقرۃ (185) ۔

یہ اس مرض میں ہے جوشدید ہو اور روزہ رکھنے سے مشقت حاصل ہوتی ہو ، لیکن تھوڑی بہت بیماری جس میں روزہ رکھنے میں مشقت نہ ہوتی ہو روزہ چھوڑنے کے لیے اسے عذر شمار نہیں کیا جائے گا ۔

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (12488) کے جواب کا بھی مطالعہ کریں ۔

جب درد شقیقہ کی وجہ سے روزہ رکھنے میں شدید مشقت ہوتی ہو تواس حالت میں روزہ چھوڑنا جائز ہے اور بعد میں وہ ان ایام کی قضاء کرے ۔

اوراگر یہ درد مسلسل ہوتی ہو اور بعد میں قضاء کی نہ کرسکتی ہو وہ ہر دن کے بدلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے ۔

واللہ اعلم .